National Accountability Bureau
Islamabad
****

Dated: 22nd January, 2025

پریس ریلیز

نیب نے جدہ ٹاؤن سکینڈل کے 132 متاثرین میں 9 کروڑ 70 لاکھ روپے رقوم کے چیک تقسیم کر دیئے

قومی احتساب بیورو اسلام آباد میں نیب راولپنڈی ریجن کے زیر اہتمام جدہ ٹاؤن سکینڈل کے متاثرین میں رقوم کی تقسیم کے حوالے سے خصوصی تقریب منعقد ہوئی۔

تقریب میں مہمان خصوصی، ڈپٹی چیئرمین نیب سہیل ناصر کے علاوہ پراسیکیوٹر جنرل نیب احتشام قادر شاہ، ڈائریکٹر جنرل نیب راولپنڈی مرزا عرفان بیگ، ڈائریکٹر نیب راولپنڈی الیاس قمر اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر جدہ ٹاؤن سکینڈل کے 132 متاثرین میں 9 کروڑ 70 لاکھ روپے رقوم کے چیک تقسیم کیے گئے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی چیئرمین نیب سہیل ناصر نے کہا کہ چیئرمین نیب کے فہم و فراست کے مطابق نیب کے افسران عوام سے دھوکہ دہی اور فراڈ کے باعث ان سے لوٹے گئے سرمائے کی واپسی کے لئے شبانہ روز کوشاں ہیں اور گزشتہ دو برسوں میں ریکارڈ رقوم برآمد کر کے متاثرین کو واپس دلائی جا چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیب اپنا یہ قومی فریضہ خدمت اور دیانت کے جذبے کے ساتھ سرانجام دے رہا ہے اور ہر ممکن کاوشیں بروئے کار لاتے ہوئے متاثرین کی ایک ایک پائی برآمد کر کے انہیں واپس دلائی جائے گی۔

انہوں نے جدہ ٹاؤن رہائشی منصوبے کے متاثرین کی لوٹی گئی رقوم واپس دلانے کے لئے ڈی جی نیب راولپنڈی عرفان بیگ اور انکی ٹیم کو کوششوں کو سراہا، جنہوں نے پیشہ وارانہ مہارت سے کام کرتے ہوئے متاثرین کو ان کا حق واپس دلایا۔ سہیل ناصر نے کہا کہ نیب کی طرف سے عوامی آگاہی کی مہم زور و شور کے ساتھ جاری ہے اور عوام کو خبردار کیا جارہاہے کہ وہ سرمایہ کاری سے قبل ہر ممکن احتیاط برتیں اور کسی کے دھوکہ میں نہ آئیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو برسوں میں بڑی تعداد میں ملزمان کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی ہے اور اس سلسلے میں قانون سازی بھی کی جارہی ہے۔ تاکہ شہریوں کو لوٹنے والے قرار واقعی سزاوں سے نہ بچ سکیں۔

قبل ازیں ڈی جی نیب راولپنڈی محمد عرفان بیگ نے بتایا کہ جدہ ٹاؤن کے متاثرین کی لوٹی گئی رقوم کی واپسی ایک مشکل عمل تھا لیکن طویل عرصہ گزر جانے کے باوجود تمام تر قانونی تقاضے پورے کر کے متاثرین کو انکی رقوم کی واپسی یقین بنائی گئی اور اسی طرح راولپنڈی کی دیگر سکیموں کے متاثرین کی دادرسی بھی جلد ممکن بنائی جارہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ اب تک اربوں روپے واگزار کر کے متاثرین میں تقسیم کئے جاچکے ہیں اور لوگوں کو فراڈیوں سے خبردار کرنے کے لئے بھی آگاہی مہم جاری ہے۔

جدہ ٹاؤن کے متاثرین نے چیک وصول ہونے کے بعد نیب انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ نیب نے ان کی توقع سے بڑھ کر اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور نیب کی وجہ سے انہیں اپنا لوٹا گیا سرمایہ واپس مل گیا۔